اھم اعلان

برائے تجدید سندِ الحاق

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی مجلس عاملہ کے اجلاس منعقدہ ۲۲/ جمادی الاولیٰ ۱۴۲۶ھ بمطابق ۳۰/ جون ۲۰۰۵ء میں یہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ وفاق المدارس کی سند الحاق صرف تین سال کے لئے جاری ہوگی۔ اس کے بعد نئی سند جاری کی جائے گی۔ جس کی فیس ایک سو (۱۰۰) روپے ہوگی۔ اس فیصلہ پر عمل درآمد کے لئے تمام اہل مدارس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ یکم محرم الحرام ۱۴۲۶ھ سے پہلے ملحق ہونے والے مدارس کے ذمہ داران اپنے مدرسہ کی اصل سند الحاق کے ساتھ منی آرڈر کی رسید لف کر کے دفتر وفاق المدارس بھجوادیں۔ تاکہ نئی سند جاری کی جا سکے۔

جس مدرسہ کے الحاق کو یکم محرم الحرام ۱۴۲۹ھ تک تین سال پورے ہو چکے ہیں۔ اس کی سابقہ سندِ الحاق امتحانات میں شرکت یا حصول چندہ کے لئے کارآمد نہ ہوگی۔ نیز جن مدارس کا ترقی الحاق یکم محرم الحرام ۱۴۲۶ھ کے بعد ہوا ہے۔ ان کے تین سال ترقی الحاق کی تاریخ سے شمار کیے جائیں گے۔

ضابطہ برائے امتحانی مراکز درجات کتب

وفاق المدارس کی امتحانی کمیٹی کے اجلاس منعقدہ ۱۲/ رجب المرجب ۱۴۲۸ھ میں امتحانی مراکز کے حوالے سے یہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ آئندہ طالبات کے لیے پچاس (۵۰) اور طلباء کے لیے کم از کم سو (۱۰۰) تعداد پر سنٹر منظور ہوگا۔ ہر امتحانی مرکز پر لازم ہوگا کہ وہ اپنی تعداد کے مطابق ہال کا انتظام کرے۔ بصورتِ دیگر امتحانی مرکز ختم کر دیا جائے گا۔

کم تعداد والے مدارس امتحانی مراکز کے لئے درخواست نہ دیں۔ نیز پہلے سے موجود وہ مراکز جن کی تعداد مقررہ مقدار سے کم ہو وہ بھی اپنے امتحانی مرکز کو ختم سمجھیں اور داخلہ فارموں پر اپنے قریبی موزوں سنٹر کا نام لکھ کر بھیجیں۔